28 ہزار بوریاں برآمد کرائیں۔ تفصیلات کے مطابق سیکرٹری خوراک پنجاب محمد زمان وٹو کی سربراہی میں ٹیم نے چینی کی افغانستان سمگلنگ کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے چنی فلور ملز مریدکے سے 15 کروڑ روپے مالیت کی غیر قانونی ذخیرہ کی گئی 22 ہزار بوریاں برآمد کر کے گودام کو سیل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق گودام رجسٹرڈ ہے، جبکہ پنجاب حکومت کا کہنا ہے کہ گودام کے لائسنس کی میعاد ختم ہو چکی ہے، کشمرشنخورہ کوتھری طور پر ڈیسٹرڈ کیا گیا ہے۔ خوراک کے صادق آباد فیکٹری کیمپ میں چاول کی بوریوں کے درمیان چھپائی گئی چینی کی چھ ہزار بوریاں پکڑ لیں، کھوکھی کی شوگرمل کی چینی افغانستان سمگلنگ کے لیے صادق آباد کی طرف لے جا رہی تھی۔ ذرائع نے جمعرات کو چوراہا لاکھن چینی افغانستان سمگل کیے جانے کی خبر پر کئی گھنٹے جس کے بعد

شروع کرتا ہوں اللہ کے بابرکت بافیض نام سے جو نہایت ہی رحم کرنے والا اور مہربان ہے

ہفت روزہ
Weekly
Tajdeed-e-Wafa
Faisalabad.
تجدیدِ وفا
فیصل آباد
صفحات 4

چیف ایڈیٹر
میاں محمد شہباز
0300-6637114
E:mail
tajdeed e wafa shahbaz @gmail. com

جلد 15 | 8 اپریل تا 14 اپریل 2023ء 17 رمضان تا 23 رمضان المبارک 1444ھ | شمارہ 14 | قیمت 10 روپے

پاکستان میں اقلیتوں کو تحفظ دینا ریاست کی ذمہ داری ہے، سید محمد زکریا شاہ

ڈاکٹر بیربل اور دیال سنگھ کا قتل افسوسناک ہے

حکومت قاتلوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دلوانے کے تمام اقدامات کرے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مخدوم زادہ سید محمد زکریا شاہ نے پشاور میں سکھ پنساری اور کراچی میں ہندو برادری کے آئی سرجن کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کراچی میں ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے معروف آئی سرجن ڈاکٹر بیربل کا قتل اور پشاور میں دیال سنگھ پنساری کا قتل افسوس ناک ہے۔ قتل کی وجوہات کچھ بھی ہوں پاکستان میں اقلیتوں کو تحفظ دینا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کراچی اور پشاور پولیس ان واقعات کی بہتر پرتفتیش کر کے قاتلوں کو بے نقاب کر کے قرار واقعی سزا دلوانے کیلئے تمام اقدامات کرے۔

عوام متحد ہو کر پی ڈی ایم قابض ٹولے کیخلاف جدوجہد کریں، نصیر ہندل

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف این اے 101 سینئر رہنما ایڈووکیٹ ہائیکورٹ چوہدری نصیر ہندل نے کہا ہے کہ عوام متحد ہو کر پی ڈی ایم قابض ٹولے کیخلاف جدوجہد کریں، سپریم کورٹ کا فیصلہ آئین و قانون کی جیت ہے، حکومت کی الیکشن سے فرار کی کوششیں ناکام ہو گئیں، الیکشن کرائیں یا نہ کرائیں دونوں صورتوں (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

فیصل آباد چیمبر میں ایس ایس پی سپیشل برانچ نعیم عزیز سندھو کو صدر چیمبر ڈاکٹر خرم طارق، سینئر نائب صدر ڈاکٹر سجاد رشد، نائب صدر محمد اسلم بھلی ودیگر کے ہمراہ چیمبر کی اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سپیشل برانچ کا کام ہر قسم کی عوامی سرگرمیوں کی رپورٹ حکومت کو فراہم کرنا ہے

یہ ادارہ دراصل حکومت کے کان اور آنکھ ہیں اس کی رپورٹس پر حکومت اپنا آئندہ کا لائحہ عمل ترتیب دیتی ہے، ایس ایس پی سپیشل برانچ نعیم عزیز سندھو

FCC میں آمد پر صدر ڈاکٹر خرم طارق نے ایڈیشنل کیا اس موقع پر SSP کے علامہ اقبال انڈسٹریل اسٹیٹ کی سکیورٹی کیلئے تجاویز بھی دیں

فیصل آباد (میاں محمد شہباز) ایس ایس پی سپیشل برانچ نعیم عزیز سندھو نے کہا ہے کہ سپیشل برانچ دراصل حکومت کے کان اور آنکھ ہیں جو سیاسی، انتظامی، مذہبی اور دیگر معاملات سمیت گڈ گورننس کے بارے بھی لمحہ بہ لمحہ کی معلومات مہیا کرتی ہے تاہم ان پر عمل درآمد کرانا اُن کے دائرہ کار میں شامل نہیں۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اُن کا تعلق فیصل آباد سے ہی جبکہ انہوں نے سروس کا ایک طویل عرصہ بھی یہاں گزارا اس لئے وہ فیصل آباد کے رجحانات کو بہت اچھی طرح سمجھتے (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

فیصل آباد چیمبر میں ایس ایس پی سپیشل برانچ نعیم عزیز سندھو، صدر چیمبر ڈاکٹر خرم طارق، سینئر نائب صدر ڈاکٹر سجاد رشد، نائب صدر محمد اسلم بھلی ودیگر کا گروپ فوٹو

چیمبر کی اصل قوت اس کا سٹاف ہے، ڈاکٹر خرم طارق

فیصل آباد چیمبر کے صدر ڈاکٹر خرم طارق، سینئر نائب صدر ڈاکٹر سجاد رشد اور نائب صدر حاجی محمد اسلم بھلی کی طرف سے رکنیت

سازی مہم کو کامیاب بنانے کے سلسلہ میں سٹاف کی کوششوں کے اعتراف کے طور پر اُن کے اعزاز میں پرتکلف اظہار ڈنر دیا

فیصل آباد (میاں محمد شہباز) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ڈاکٹر خرم طارق، سینئر نائب صدر ڈاکٹر سجاد رشد اور نائب صدر حاجی محمد اسلم بھلی کی طرف سے رکنیت سازی مہم کو کامیاب بنانے کے سلسلہ میں سٹاف کی کوششوں کے اعتراف کے طور پر اُن کے اعزاز میں پرتکلف اظہار ڈنر دیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر خرم طارق نے سٹاف کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ چیمبر کی اصل قوت اس کا سٹاف ہے۔ انہوں نے حالیہ تجدیدی مہم کے دوران رات دیر تک کام کر کے اپنی اہمیت کو منوایا۔ ڈاکٹر سجاد رشد اور نائب صدر حاجی محمد اسلم بھلی نے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

فیصل آباد، ڈی ایس پی نواز کھوکھر ٹریفک سٹاف کے ہمراہ شاپ لائن کی پابندی کرواتے ہوئے

سپریم کورٹ کا فیصلہ آئین و قانون کی بالادستی ہے، لقمان چوہدری

سی ٹی او کی طرف سے سڑکوں پر ٹریفک کے نظام کو بہتر کرنے کیلئے اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے

ان خیالات کا اظہار مقصود احمد لون چیف ٹریفک آفیسر نے سرکل افسران اور سیکٹر انچارجز کیساتھ میٹنگ میں کیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) شاپ لائن، زیبرا کراسنگ، اور لین لائن سسٹم کی پابندی کیلئے آگاہی مہم کا آغاز۔ تفصیلات کے مطابق سی ٹی او فیصل آباد کی طرف سے سڑکوں پر ٹریفک کے نظام کو بہتر کرنے اور ٹریفک کے بلاروکاٹ بہاؤ کیلئے اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں سب سے پہلے شاپ لائن، ذیبرا کراسنگ، اور لین لائن کی پابندی کروانے کی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ شہری روڈ ڈسکون کو اپنا شعار بنائیں تاکہ سڑکوں پر حادثات کی روک تھام اور ٹریفک کے بہاؤ کو یقینی بنایا جاسکے۔ پیدل چلنے والے سڑک کراس کرنے کیلئے زیبرا کراسنگ کا استعمال کریں۔ لین لائن ڈسکون کی پابندی کریں۔ اور ٹریفک سٹاف شہریوں کو ٹریفک قوانین کی پابندی کروائیں۔ ان خیالات کا اظہار مقصود احمد لون چیف ٹریفک آفیسر فیصل آباد نے سرکل افسران اور سیکٹر انچارجز کے ساتھ میٹنگ میں کیا۔ فیصل آباد ٹریفک سٹاف کی ویلفیئر کیلئے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے سی ٹی او فیصل آباد مقصود احمد لون نے ٹریفک سٹاف کے چھ حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران کی ویلفیئر کرتے ہوئے ایک لاکھ پچھتر ہزار روپے کے چیک تقسیم کیے۔ سی ٹی او کا کہنا ہے کہ محکمہ اپنے افسران کے مسائل کو حل کرنے اور ویلفیئر کرنے کیلئے ہمہ وقت کوششیں جاری رکھے گا۔

فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں سٹاف کے اعزاز میں دیئے گئے اظہار ڈنر کے موقع پر صدر ڈاکٹر خرم طارق، سینئر نائب صدر ڈاکٹر سجاد رشد، نائب صدر محمد اسلم بھلی ودیگر سٹاف ممبرز دعا مانگ رہے ہیں

دکھی انسانیت کی خدمت کرنے کے حوالے سے کسٹم ہیلتھ کیئر سوسائٹی کی خدمات قابل تقلید ہیں، بلیغ الرحمٰن

سماجی شعبہ میں کام کرنے کے وسیع مواقع ہیں، گورنر پنجاب

ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے محکمہ کسٹم سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور شروع دن سے ہی انہوں نے ملازمین کی خدمت کیلئے فری ڈسپنسری سے کام کا آغاز کیا جو آج ملکی سطح پر خدمات کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے

دکھی انسانیت کی خدمت ہی اُن کی زندگی کا مقصد ہے اور وہ زندگی بھر کسی نہ کسی صورت میں مستحق اور محروم طبقوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنے میں مصروف رہے، ڈاکٹر آصف جاہ

فیصل آباد (میاں محمد شہباز) گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان کے سماجی شعبہ میں کام کرنے کے وسیع مواقع ہیں جبکہ اس سلسلہ میں وقتی تقاضوں کے عین مطابق دکھی انسانیت کی خدمت کرنے کے حوالے سے کسٹم ہیلتھ کیئر سوسائٹی کی خدمات قابل تقلید ہیں۔ وہ وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ کی طرف سے گورنر ہاؤس میں دی جانے والی افطار پارٹی سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے محکمہ کسٹم سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور شروع دن سے ہی انہوں نے ملازمین کی خدمت کیلئے فری ڈسپنسری سے کام کا آغاز کیا جو آج ملکی سطح پر خدمات کا فریضہ سرانجام دے رہی ہے اور لاکھوں افراد اس کی خدمات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ ڈاکٹر آصف جاہ نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت ہی اُن کی زندگی کا مقصد ہے اور وہ زندگی بھر کسی نہ کسی صورت میں مستحق اور محروم طبقوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنے میں مصروف رہے اور یہ اُن کی دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ وہ آج بھی بلور محتسب لوگوں کیلئے آسانیاں پیدا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کسٹم ہیلتھ کیئر سوسائٹی کے تعاون کرنے والوں کا شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ اُن کے عطیات مستحقین تک پہنچانے کی کوششیں سو فیصد کامیاب ہوں گی۔ اس (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

گورنر ہاؤس میں افطار ڈنر کے موقع پر صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ڈاکٹر خرم طارق، گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن کیساتھ مصافحہ کر رہے ہیں

MD واسا خالد رضا خان نے چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا

شہریوں کو فراہمی و نکاسی آب کی سہولیات مہیا کرنا اولین ترجیح ہے

مون سون سے قبل تمام ترمشینری آپریشنل رکھیں، واسا افسران سے ملاقات میں گفتگو

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجینئر خالد رضا خان منیجنگ ڈائریکٹر واسا فیصل آباد نے اپنے عہدہ کا چارج سنبھال کر کام کا آغاز کر دیا ہے۔ منیجنگ ڈائریکٹر واسا انجینئر خالد رضا خان نے گزشتہ روز واسا ہیڈ آفس پہنچ کر اپنے عہدہ کا چارج سنبھال لیا اور واسا افسران سے ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو فراہمی و نکاسی آب کی سہولیات مہیا کرنا اولین ترجیح ہے

پروفیسر ڈاکٹر ظل ہما ناز گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کی پروائس چانسلر مقرر

فیصل آباد چیمبر کے صدر ڈاکٹر خرم طارق نے محترمہ ظل ہما کی تقرری کا خیر مقدم کیا ہے

فیصل آباد (میاں محمد شہباز) پروفیسر ڈاکٹر ظل ہما ناز کو گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کا پروائس چانسلر مقرر کیا گیا ہے۔ یہ اہم نشست سابق وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کی ٹریفک حادثہ میں ہلاکت کے بعد سے خالی تھی۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ڈاکٹر خرم طارق نے محترمہ ظل ہما کی تقرری کا خیر مقدم کیا ہے اور اس توقع (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

مسلم حکمران قبلہ اول کی بے حرمتی کیخلاف آواز اٹھائیں

اقوام متحدہ اسرائیلی جارحیت کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات اٹھائے، صداقت لودھی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) جنیز مین آل پاکستان پرائیویٹ سکولز الائنس سینئر ایڈووکیٹ ہائیکورٹ صداقت حسین لودھی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ مسلم حکمران قبلہ اول کی بے حرمتی کیخلاف آواز اٹھائیں، مسلم ممالک خانہ جنگی بربادی و اقوام متحدہ اسرائیلی جارحیت کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات اٹھائے، نہتے مسلمان فلسطینی بے گناہ بزرگوں پر اسرائیلی فوج کے ظلم اور بربریت کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیلی فورسز کا مسجد اقصیٰ پر مزاحمتی پھتی مذمت کی جائے کم ہے، فلسطینی مسلمانوں صہیونی مظالم کی زدمیں ہے اسرائیل فلسطینی مسلمانوں کی آزادی کو مکمل طور پر پامال کرنے میں لگا ہوا ہے۔ مسجد اقصیٰ سے مسلمانوں کا مذہبی تعلق ہے قبلہ اول کا تحفظ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

فلسطینیوں پر بدترین تشدد اور گرفتاریاں افسوسناک

اقوام متحدہ سمیت عالمی طاقتیں اسرائیلی ظلم و بربریت کا نوٹس لیں، طاہر ایوب

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سٹیزن کونسل کے صدر اور سابق جنیز مین سی سی 28 گلستان کالونی میاں طاہر ایوب نے کہا ہے کہ مقدس ماہ رمضان المبارک میں اسرائیلی فوج کا مسجد اقصیٰ میں عبادت گزار فلسطینیوں پر بدترین تشدد اور گرفتاریاں افسوسناک، شرمناک، قابل مذمت ہیں، اقوام متحدہ سمیت عالمی طاقتیں اسرائیلی ظلم و بربریت کا نوٹس لیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قبلہ اول مسجد اقصیٰ میں رات کو آخری پہر عبادت میں مصروف نہتے فلسطینی مسلمانوں پر اسرائیلی فورسز کی جانب سے دھاوا بول کر بدترین تشدد اور سینکڑوں عبادت گزار فلسطینیوں کی گرفتاری کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ واقعات انتہائی افسوسناک اور شرمناک ہیں جس سے عالم اسلام کے دل دکھی ہیں، اسرائیلی کی قابض افواج نہتے فلسطینیوں پر ظلم و بربریت کرنے میں انسانیت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

عوام کو گمراہ کرنیوالوں کا انجام قریب ہے، مدیحہ رانا

عمران خان کو عوام اور ملک کے ساتھ کئے جانے والے کھلواڑ کو بند کرنا ہو گا

فیصل آباد کی عوام نے ہمیشہ (ن) لیگ کے ساتھ اپنی محبت کا اظہار کیا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈویژنل صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین یوتھ ونگ سابق ایم پی اے مدیحہ رانا نے کہا ہے کہ عمران خان کو عوام اور ملک کے ساتھ کئے جانے والے کھلواڑ کو بند کرنا ہو گا۔ عوام کو گمراہ کرنے والوں کا انجام قریب ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد کی عوام نے ہمیشہ (ن) لیگ کے ساتھ اپنی محبت کا اظہار کیا ہے اور اسے آئندہ الیکشن میں عوام ووٹ کی طاقت سے عمران خان کو بری طرح مسترد کر دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے سیاسی میدان میں فتنہ اور فساد کو فروغ دیا ہے حکومت پوری محنت اور قوت کے ساتھ ملک و قوم کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کے لئے کوشاں ہے اور عوام آئندہ ہونے والے الیکشن میں (ن) لیگ کو ہی اکثریت سے کامیاب کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) عوام کا مزاج کرنیوالی جماعت ہے یہی وجہ ہے میاں برادران عوام کے دلوں میں بستے ہیں۔ عمران خان ایک فتنہ کا نام جو ملک میں انتشار پھلانا چاہتا ہے جس میں وہ بھی ہی کامیاب نہیں ہوگا۔

گورنر ہاؤس میں افطار ڈنر کے موقع پر وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ کے ساتھ صدر چیمبر ڈاکٹر خرم طارق، ایگزیکٹو ممبرز محمد اظہر چوہدری، حاجی گلزار احمد، میاں محمد طیب، عبداللہ قادری اور ڈپٹی سیکرٹری جنرل بلال شریف کا گروپ فوٹو

فیضان رمضان اور اس کے تقاضے

تحریر۔۔۔ صائقہ زبیر

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ فضل، شکر اور احسان عظیم ہے کہ ہمیں رمضان المبارک جیسا صاحب خیر و برکت، جہنم سے آزادی، گناہوں سے معافی اور نیک اعمال کے ذریعے جنت کا حقدار بننے والا یہ مبارک و مسعود مہینہ ایک دفعہ پھر عنایت فرمایا۔ رمضان المبارک اسلامی مہینے کا نواں مہینہ ہے اور الحمدللہ ماہ رمضان کی پر بہار نور بابرکت گھڑیاں امسال بھی ہمارے سروں پر سایہ فگن ہیں۔ روایت ہے کہ جب پہلی بار بچپن میں حضرت امام حسن علیہ السلام اور حضرت امام حسین علیہ السلام نے روزہ رکھا تو افطاری کے وقت ان کے پاس چار کھجوریں تھیں۔ عین جب افطار کا وقت آیا تو سوالی نے صدا بلند کی "مجھے کوئی جو شخص غریب کی افطاری کروائے" دونوں شہزادوں نے اپنے اپنے حصے کی ایک ایک کھجور سوالی کو دے دی۔ دوسرے دن جب افطاری کا وقت آیا تو پھر اسی سوالی کی آواز بلند کوئی۔ اس دن دونوں شہزادوں کے پاس دو کھجوریں تھیں۔ آپ دونوں شہزادوں نے فوراً ایک کھجور سوالی کو دے دی۔ تیسرے روز جب سوالی نے صدا بلند کی تو شہزادوں کے پاس ایک کھجور تھی آپ دونوں نے سوالی کی آواز پر اپنی حصے کی ایک کھجور بھی سوالی کو دے دی اور خود روزہ پانی کے ساتھ افطار کیا۔ قربان جاؤں ان شہزادوں پر جنہوں نے بچپن میں ہی صبر اور شکر کا عملی مظاہرہ کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کر لی۔ روزہ صبر، شکر، صلہ رحمی، سخاوت، محبت، امن، اور پاکیزگی کا نام ہے جب تک ہم یہ الٰہی خوبیاں قائم نہیں کریں گے تو ہم روزہ کی روحانی و جسمانی ثمرات حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے۔ اگر انسان اپنی بھوک پر قابو پا سکتا ہے تو کسی بھی دوسری خواہش پر قابو پانا تو بہت آسان ہو جاتا ہے رمضان المبارک میں ہمیں اپنی شدید ضرورت اور خواہش پر قابو پانے کی مشق ہو جاتی ہے۔ دن بھر صرف اللہ کے حکم کی وجہ سے سب کچھ ہونے کے باوجود نہ کھانے اور نہ پینے سے ہمارے اندر خدا تعالیٰ کی اطاعت کا جذبہ پکا ہو جاتا ہے اس سے ہم زندگی میں صرف اللہ کے حکم کی وجہ سے اپنے آپ پر قابو پانا سیکھ جاتے ہیں جب ہم بھوک اور پیاس برداشت کرتے ہیں تو ہمیں اندازہ ہوتا ہے کہ ہمارے جو بہن بھائی پیسہ نہ ہونے کی وجہ سے بھوک برداشت کرنے پر مجبور ہیں ان کو کتنی تکلیف ہوتی ہے اس طرح ہمارے اندر دوسروں کے لئے ہمدردی پیدا ہوتی ہے۔ سخت جسمانی ضرورت کے باوجود شدید بھوک اور پیاس برداشت کر لینے سے ہمارے اندر ارادے کی پختگی اور مضبوطی پیدا ہوتی ہے ہمیں یہ سمجھ ہو جاتی ہے کہ کام کتنا بھی مشکل ہو ہم اگر ارادہ کر لیں تو وہ کام ضرور کر سکتے ہیں۔ ان سب باتوں سے بڑھ کر روزے کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ ہمیں پیدا کرنے والا اور رزق دینے والا خدا ہمارے ساتھ خوش ہو جاتا ہے۔ اس طرح خداوند تعالیٰ اس مقدس مہینے میں ہماری چھوٹی سی چھوٹی نیکی کا اجر بہت زیادہ بڑھا دیتا ہے ہم خوش نصیبی پر جتنا بھی شکر کریں کم ہے کہ ہمیں ایسی زندگی میں رمضان المبارک کا مقدس مہینہ دیکھنا نصیب ہوا۔ رمضان المبارک کو اللہ تعالیٰ نے اپنا ماہ قرار دیا ہے تو شہنشاہ المعظم کو نبی رحمتؐ نے اپنا ماہ قرار دیا ہے۔ ان دونوں سے بیشتر ماہ رجب ہے جس میں نبی کریمؐ کو اللہ تعالیٰ نے معراج عطا فرمائی۔ یوں لگتا ہے تین ماہ ہی افضل ٹھہرے۔ حضرت ام سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور کو شعبان کے مہینے کے علاوہ اور کسی مہینے میں لگاتار روزہ رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔ یوں یہ حضور کا تمام عمر معمول رہا کہ آپ پورا شعبان اور رمضان روزے رکھتے تھے۔ یوں میرے نزدیک یہ تینوں ماہ افضل ترین ہیں۔ ایک ماہ مبارک میں جنکا نام رجب ہے اللہ تعالیٰ حضورؐ سے ملاقات فرماتے ہیں اور شعبان میں تمام کائنات کا آنے والا سال کا نظام واضح فرماتے ہیں اور رمضان المبارک میں رحمت باری تعالیٰ اپنے عروج پر نظر آتی ہے اور رمضان المبارک کے وہ فیضان نظر آتے ہیں کہ رحمت حق کا شمار ناممکن نظر آتا ہے۔ قرآن پاک میں سورۃ بقرہ میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ "اے ایمان والوں میں نے تم پر روزے فرض کئے ہیں جیسا کہ تم سے پہلی امتوں پر فرض کئے تھے یہ گنتی کے کچھ دن ہیں تا کہ تم متقی بن جاؤ۔ حضورؐ کی امت پر رمضان المبارک کے روزے 2ھ میں فرض کئے گئے۔ پیشتر امتوں پر بھی روزے فرض کئے گئے تھے لیکن انکے اوقات مختلف تھے۔ حضرت آدم علیہ السلام عاشورہ کا روزہ رکھتے تھے۔ اسی طرح مختلف امتوں پر یہ مختلف اوقات میں فرض رہے ہیں کچھ انبیاء کرام ہر سوموار کا روزہ رکھتے تھے اور کچھ ہفتہ میں تین دن روزہ رکھتے تھے۔ بہرحال ہم سے پہلی امتوں پر بھی روزہ فرض تھا۔ لیکن پورا رمضان المبارک صرف حضورؐ کی امت کے حصہ میں آیا ہمیں ناچیز اس قابل تو نہیں کہ فیضان رمضان کا مکمل احاطہ کر سکوں لیکن اپنے طور پر کوشش کی ہے کہ کل قیامت کے دن اللہ کے حضور پیش کیا جاؤں تو میرا نام رمضان المبارک کے فضائل بیان کرنے والوں میں ہو۔ اور شاید اسی سبب میری مغفرت ہو جائے بلکہ مجھے یہ یقین کامل ہے کہ اللہ جلہ شان اسی وجہ سے مجھے بخش دیں گے۔ اس ماہ مبارک کے ایک ایک ساعت اہل ایمان کے لئے کسی نعمت سے کم نہیں ہے یہ حقیقت ہے کہ برائیوں سے بچنے کا ریفریشر کورس ہے۔ انسان کے ایک ماہ میں مسلسل روزے رکھنے سے برائی کی طرف دھیان نہیں جاتا ہے۔ اگر انسان رمضان کے بعد نیکیوں کا عملی مظاہرہ کرتے تو وہ سمجھ لے اللہ تعالیٰ نے اس کے روزے قبول فرمائے ہیں۔ اگر رمضان کے بعد (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

ٹریفک وارڈنز کو سینئر ٹریفک وارڈنز کے رینک لگا دیئے گئے

تقریب کے مہمان خصوصی ریجنل پولیس آفیسر ڈاکٹر عابد خان تھے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ترقی پانے والے ٹریفک وارڈنز کو سینئر ٹریفک وارڈنز کے رینک لگا دیئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سٹی ٹریفک پولیس فیصل آباد کے ترقی پانے والے ٹریفک وارڈنز کو پولیس لائن میں منعقدہ تقریب میں باقاعدہ طور پر سینئر ٹریفک وارڈنز کے رینک لگا دیئے گئے۔ تقریب کے مہمان خصوصی ریجنل پولیس آفیسر (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پارلیمنٹ کی بے توقیری کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی

فل کورٹ نہ بنا کر انصاف کا قتل کیا گیا پارلیمنٹ اپنی بالادستی تسلیم کروائے، ارشد جٹ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سٹی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کی بے توقیری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی فل کورٹ نہ بنا کر انصاف کا قتل کیا گیا پارلیمنٹ اپنی بالادستی تسلیم کروائے۔ کیا اعلیٰ عدلیہ صرف تین رکنی بینچ کا نام ہے؟ اتحادی حکومت اور پیپلز پارٹی عدالت اور پارلیمان میں ٹکراؤ نہیں چاہتی چیف جسٹس اور دیگر جج جمہوریت اور ملک کو بچائیں آئین اور قانون کے ساتھ سنگین مذاق کیا جا رہا ہے، عوام اپنے پیٹ پر بدترین مہنگائی اور معاشی بحران کا شکار ہے اس فیصلے کے بعد مزید سیاسی عدم استحکام بڑے گا عدلیہ کو اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرنی ہوگی

محمد زبیر اور محمد عرفان نے امتیاز سپر سٹور کی چیکنگ کی

ڈی سی کا ڈسٹرکٹ کو باقاعدہ ترتیب نہ دینے، نرخنامہ آویزاں نہ کرنے پر جرمانہ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر علی عنان قمر کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی محمد زبیر اور ڈی او ایٹ مریز محمد عرفان نے امتیاز سپر سٹور پر ڈی سی کا ڈسٹرکٹ کو باقاعدہ ترتیب نہ دینے اور نرخنامہ آویزاں نہ کرنے پر دو لاکھ روپے جرمانہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے بتایا کہ مارکیٹوں دبازاروں اور سپر سٹورز (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

انسداد عطائیت ٹیم عطائیوں کے خلاف سرگرم عمل

خدمت ڈائیگنا سٹک لیبارٹری اور رفاہ لیبارٹری جناح کالونی کو سیل کر دیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی انسداد عطائیت ٹیم عطائیوں کے خلاف سرگرم عمل ہے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عطاالمنعم نے ان رمضٹروڈ غیر معیاری ادویات پر پیش ہیلتھ سنٹر گورونانک پورہ، اقراء لیبارٹری لیاقت چوک سبزی منڈی روڈ فیصل آباد، طیبہ کلینیکل لیبارٹری، خدمت ڈائیگنا سٹک لیبارٹری گلبرگ روڈ اور رفاہ لیبارٹری نزد آئیڈیل بکری جناح کالونی کو ایس او پیز کی خلاف ورزی، زائد المعیاد ادویات پر سیل کر دیا ہے۔

اسلامی تاریخی واقعات

تحریر۔۔۔ میاں محمد شہباز

تاریخ میں اتنی اچھے اچھے واقعات درج ہیں کہ کتابوں سے محبت کرنیوالے انکے عشق میں ڈوب ڈوب جاتے ہیں سوچا کہ آپ کو بھی اس مطالعہ میں شریک کروں بہرحال تاریخ کے جھروکوں سے 2 واقعات پیش خدمت ہیں مائیکل ہارٹ نامی ایک یہودی مصنف نے ایک کتاب لکھی " ہے 100 اہم ترین شخصیات " یہ کتاب لکھنے سے پہلے اس نے 28 سال تحقیق کی اور دنیا کی تاریخ میں آنیوالی 100 اہم ترین اور ممتاز شخصیات کے بارے میں تحریر کیا۔ یہودی ہونے کے باوجود اس نے ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام ان اہم ترین شخصیات میں سرفہرست رکھا۔ اس کتاب کی اشاعت کے بعد ایک روز جب وہ لندن کی ایک یونیورسٹی میں ایک لیکچر دے رہا تھا تو کچھ لوگوں نے شکایت کی کہ اس نے محمد ﷺ کو نمبر ون کا کیوں درجہ دیا تھا؟ اس پر مائیکل ہارٹ نے جواب دیا" نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وآلہ اسلم نے 611ء مکہ کے وسط میں کھڑے ہو کر لوگوں سے کہا: میں اللہ کا رسول ہوں اس وقت ان پر چار افراد ایمان لائے تھے جن میں ایک انکا سب سے اچھا دوست، انکی بیوی اور دو کزن کے شامل تھے۔ آج 1400 سال کے بعد مسلمانوں کی تعداد 1.5 ارب سے زائد ہو چکی ہے اور یہ سلسلہ یہاں رکا نہیں بلکہ اس میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ جھوٹے نہیں تھے کیونکہ جھوٹ 1400 سال تک نہیں چلتا ہے ہی کوئی 1.5 ارب لوگوں کو بیوقوف بنا سکتا ہے۔ خور کرنیکی ایک اور بات یہ ہے کہ یہ اربوں مسلمان اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرمت پہ اپنی جان قربان کرنے کو تیار ہیں یعنی تمام مسلمان آپ ﷺ کی شان میں گستاخی کرنیوالے کو مرنے مارنے کیلئے پر تیار ہیں دنیا میں اتنی عقیدت کسی اور شخصیت کے حصہ میں نہیں آئی" تم ہی بتاؤ کتنے عیسائی ہوں گے جو یسوع کیلئے ایسا کرنے کیلئے تیار ہیں؟" اس کے بعد پورے ہال میں خاموشی چھا گئی! کسی کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ دوسرا واقعہ مولانا شبلی نعمانی کی کتاب سے لیا گیا ہے پڑھئے۔ اور سر دھنئے بت شکن سلطان محمود غزنوی کا دربار لگا ہوا تھا۔ دربار میں ہزاروں افراد شریک تھے جن میں وزیر، مشیر اولیاء، قطب اور ابدال بھی تھے۔ سلطان محمود نے سب کو مخاطب کر کے کہا کوئی شخص مجھے حضرت خضر علیہ السلام کی زیارت کرا سکتا ہے۔ سب خاموش رہے دربار میں بیٹھا ایک غریب دیہاتی کھڑا ہوا اور کہا میں زیارت کرا سکتا ہوں' سلطان نے شرائط پوچھی تو عرض کرنے لگا 6 ماہ دریا کے کنارے چلہ کاٹنا ہوگا لیکن میں ایک غریب آدمی ہوں میرے گھر کا خرچ آپ کو اٹھانا ہوگا۔۔ سلطان نے شرط منظور کر لی اس شخص کو چلہ کیلئے بھیج دیا گیا اور گھر کا خرچ بادشاہ کے ذمے ہو گیا 6 ماہ گزرنے کے بعد سلطان نے اس شخص کو دربار میں حاضر کیا اور پوچھا تو دیہاتی کہنے لگا حضور کچھ وظائف الٹے ہو گئے ہیں لہذا 6 ماہ مزید لگیں گے۔ مزید 6 ماہ گزرنے کے بعد سلطان محمود کے دربار میں اس شخص کو دوبارہ پیش کیا گیا تو بادشاہ نے پوچھا میرے کام کا کیا ہوا..... ؟ یہ بات سن کے دیہاتی کہنے لگا بادشاہ سلامت کہاں میں گنہگ

لاؤڈ سپیکر پر مصنوعات کی فروخت پر پابندی کا مطالبہ

سکول اور کالجز دورانیہ کے دوران ریڑھی والا ہو یا قریبی دوکاندار ہر قسم کی ریکارڈنگ پر سختی کے ساتھ پابندی عائد کی جائے

شہر بھر میں علی الصبح سے رات گئے تک شور وغل سے شہریوں کا سکون غارت ہو چکا ہے، محمد ارشد قاسمی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) لاؤڈ سپیکر، ایمپلی فائر کے ذریعہ سے مصنوعات فروخت کرنے پر پابندی عائد کی جائے، شہر بھر میں علی الصبح سے رات گئے تک شور وغل سے شہریوں کا سکون غارت ہو چکا ہے، مصنوعات فروخت کرنے والوں کا اس قدر شور وغل ہوتا ہے کہ کوئی شخص بھی اپنے گھر میں سکون کی نیند، طالب علم سکول میں پڑھائی، تھکا ماندہ مزدور اور بیمار گھر میں آرام اور ویٹنگ سہولتی غلام محمد (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

فیصل آباد۔ ضلعی انتظامیہ و پولیس اور سول ڈیفنس کے افسران واہلکاروں فری آٹا مراکز پر بزرگوں خصوصی افراد کو آٹا کی فراہمی کے لیے سرگرم ہیں

ملک کسی غیر جمہوری اقدام کا متحمل نہیں ہو سکتا

سیاسی جماعتوں کا غیر جمہوری رویہ مارشل لاء کی راہ ہموار کر رہا ہے

محمد شاداب رضا نقشبندی، محمد زاہد حبیب قادری، ڈاکٹر عمران مصطفیٰ کھوکھر، سردار محمد طاہر ڈوگر

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی رہنما محمد شاداب رضا نقشبندی، محمد زاہد حبیب قادری، ڈاکٹر عمران مصطفیٰ کھوکھر، سردار محمد طاہر ڈوگر، پروفیسر پیر محمد صاف رضا قادری و دیگر نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملک کسی غیر جمہوری اقدام کا متحمل نہیں ہو سکتا، سیاسی جماعتوں کا غیر جمہوری رویہ مارشل لا ء کی راہ ہموار کر رہا ہے، غیر یقینی سیاسی صورتحال میں کوتاہ کر کے رکھ دیا ہے، حکومت کو چاہیے کہ موجودہ صورتحال (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

مینار پاکستان جلسہ نے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دیئے

عمران خان نے قوم کو بتایا ہے کہ حقیقی آزادی کیا ہے، علی حیدر حسنی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و امیدوار ایم پی اے پی پی 108 صاحب زادہ سید علی حیدر حسنی نے کہا کہ مینار پاکستان جلسہ نے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دیئے، عمران خان نے قوم کو بتایا ہے کہ حقیقی آزادی کیا ہے ، امپورٹڈ حکومت اختیارات کروانے سے خوف زدہ ہو چکی ہے، کرپٹ مافیا جانتا ہے کہ الیکشن میں ان کو شکست کا سامنا کرنا پڑے گا، عمران خان نے قوم کو بتایا ہے کہ حقیقی آزادی کیا ہے، اپوزیشن کے باجوجود عوام نے ثابت کر دیا کہ وہ عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں، پاکستان تحریک انصاف کے بیانر پاکستان میں ہونے والے جلسے کو ناکام بنانے کیلئے حکومت نے شہر شہر چک کنٹینرز لگائے پولیس اہلکار تعینات کیے (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

فیصل آباد۔ محکمہ صوبائی وزیر صنعت وتجارت، انچارج فیصل آباد ڈویژن ایس ایم تنویر فری آٹا سینٹر پر مستحق افراد کو آٹا فراہم جبکہ کمشنر سلوت سعید کے ہمراہ کاٹنرز بلیک مینگ کے عمل کو چیک کر رہے ہیں

الغفاری ویلفیئر سوسائٹی فلاح انسانیت کیلئے کوشاں ہے

برادری کے ہر فرد کو چاہیے کہ وہ اس پلیٹ فارم کو مضبوط بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں

PP-11 میں ملک سرفراز قادری کی حمایت کا اعلان، اجلاس سٹی صدر سعید انجم غفاری کی زیر صدارت ہوا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) الغفاری ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ) پاکستان کی سٹی کی تنظیمی باڈی کا اجلاس سٹی صدر چودری سعید انجم غفاری کی صدارت میں ہوا، اجلاس میں غفاری برادری کی ویلفیئر کیلئے مختلف تجاویز پیش کی گئیں، اجلاس میں سٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ابرار احمد غفاری، حاجی نجمین غفاری، ماسٹر نثار شاہد غفاری، انوار الحق غفاری، شاہد محمود غفاری، اصغر علی ذیری غفاری، جاوید اسلم غفاری، عبدالغفور غفاری، محمد یوسف غفاری، محمد صدیق تیم غاری، محمد سلیم غفاری، عبدالرزاق غفاری، محمد ولید غفاری، محمد یاسین غفاری، محمد حسین انجم غفاری و دیگر غفاری برادری کے نوجانوں نے شرکت کی، اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے صدر چودری سعید انجم غفاری نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

وفاقی حکومت کا پنشن بل 609 ارب روپے تک پہنچ گیا

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی حکومت کا پینشن بل 609 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے جبکہ گھوسٹ پنشنرز کا مسئلہ ابھی نہ ہو سکا۔ سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں وزارت خزانہ کے حکام نے بتایا کہ وفاقی حکومت کا پنشن بل 609 ارب روپے تک پہنچ چکا ہے، جبکہ گھوسٹ پنشنرز کا مسئلہ (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پرانی دشمنی کی بناء پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے مخالف نوجوان کو موت کے گھاٹ اتار دیا

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) پرانی دشمنی کی بناء پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے مخالف نوجوان کو موت کے گھاٹ اتار دیا، پولیس نے نعش قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔ پولیس ذرائع کے مطابق سید دلاور کے علاقہ غلطہ جی بائیکو کے رہائشی رجب علی کی دو بیٹیوں ذوالقرنین وغیرہ سے پرانی دشمنی چلی آ رہی تھی اور اس کا بیٹا 20 سالہ محمد عثمان کے خلاف مقدمات درج تھے اور اس (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

عمران خان کی سیاست دم توڑ چکی ہے، فقیر حسین ڈوگر

مسلم لیگ (ن) کے دور میں ہمیشہ ترقی وخوشحالی ہوئی عمران کا دور عوام کو بدحال بنا تا رہا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سابق رکن پنجاب اسمبلی اور مسلم لیگ ن کے رہنما چودری فقیر حسین ڈوگر نے کہا ہے کہ عمران خان کو فاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ خان پر اپنے قتل کی سازش کا الزام عائد کرتے ہوئے شرم محسوس کرنی چاہئے۔ 15 کلو ہیروئن کا انتظام اور میمان (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر جیسے اداروں کا قیام ناگزیر: نبیلہ حاکم علی خان

”خواتین کے املاک کے حقوق اور ملازمت کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کرنا“ کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد

ہمیں ایسی سوچ کو بدلنا ہے اور خواتین کی کامیابی اور ترقی کو خوش دلی سے قبول کرنا ہے، خاتون محتسب پنجاب

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) خاتون محتسب پنجاب اور ڈائریکٹر سٹوڈنٹ انجمنز گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی کے اشتراک سے ”ویمن ڈویلپمنٹ سنٹر نے ”خواتین کے املاک کے حقوق اور ملازمت کی جگہ پر خواتین کو ہراساں کرنا“ کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار کا انعقاد کیا۔ خاتون محتسب پنجاب نبیلہ حاکم علی خان نے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے خواتین کے املاک کے حقوق اور کام کی جگہ پر ہراساں کئے جانے کے حوالے سے آگاہی پھیلانے کے ذرائع کے بارے میں بات کی اور محتسب پنجاب دفتر کے کردار کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کس طرح اپنی جائیداد یا ہراسانی کے مسائل کے بارے میں محتسب کے دفتر کو شکایات کر سکتیں ہیں۔

معاشرے کی بہتری کے لئے ایک تجویز

تحریر۔۔۔ پرویز خان ششخاری

بھیک دینے سے خیر میں ختم نہیں ہوتی!
اگر آپ دو نوعمر بچوں کو لیں
ایک کو پرانے کپڑے پہنا کر بھیک مانگنے بھیجیں
اور دوسرے کو مختلف چیزیں دے کر فروخت کرنے بھیجیں،
شام کو بھکاری بچہ آٹھ سو اور مزدور بچہ ڈیڑھ سو روپے کما کر لائے گا۔
اس سماجی تجربہ کا نتیجہ واضح ہے۔
دراصل بھیشیت قوم، ہم بھیک کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور محنت مزدوری کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں۔
ہوٹل کے ویٹر، بیٹری فروش اور چھوٹی سطح کے محنت کشوں کے ساتھ ایک ایک پائی کا حساب کرتے ہیں
اور بھکاریوں کو دس بیس بلکہ سو پچاس روپے دے کر سمجھتے ہیں کہ جنت واجب ہو گئی۔
ہونا تو یہ چاہئے کہ مانگنے والوں کو صرف کھانا کھلائیں اور مزدوری کرنے والوں کو ان کے حق سے زیادہ دیں۔
بھکاری کو اگر آپ ایک لاکھ روپے نقد دے دیں تو وہ اس کو محفوظ مقام پر پہنچا کر اگلے دن پھر سے بھیک مانگنا شروع کر دیتا ہے۔
اس کے برعکس اگر آپ کسی مزدور یا سفید پوش آدمی کی مدد کریں تو وہ اپنی جائز ضرورت پوری کر کے زیادہ بہتر انداز سے اپنی مزدوری کرے گا۔
گھر میں ایک مرتبان رکھیں اور بھیک کے لیے مختص سکے اس میں ڈالتے رہیں۔
مناسب رقم جمع ہو جائے تو اس کے نوٹ بنا کر ایسے آدمی کو دیں جو بھکاری نہیں۔
اس ملک میں لاکھوں طالب علم، مریض، مزدور اور خواتین ایسی ایک ایک کے کے محتاج ہیں۔
یاد رکھئے!
بھیک دینے سے گداگری ختم نہیں ہوتی، بلکہ بڑھتی ہے۔
خیرات دیں،
منصوبہ بندی اور احتیاط کے ساتھ،
اس طرح دینا بھی بدل سکتی ہے اور آخرت بھی۔

سیوریج لائنوں کی ڈی سلٹنگ اور صفائی گزشتہ روز بھی جاری رہی

گورونانک پورہ، احمد آباد اور ملحقہ علاقوں میں بھی سیوریج لائنوں کی ڈی سلٹنگ کا کام مکمل

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر اجاجر انوار کی ہدایت پر مختلف علاقوں میں سیوریج لائنوں کی ڈی سلٹنگ اور صفائی گزشتہ روز بھی جاری رہی۔ آر پی منٹر شاف نے بشن سنگھ والا لیک سائیڈ کو نورسٹی ہسپتال، گورونانک منان ٹاؤن میں بازار روڈ اور دیگر ملحقہ علاقوں میں ڈی سلٹنگ اور صفائی کی کئی طرح مشینوں سے مدد سے پڑھنے والے طلبہ کھل نہیں کر سکتے، شور وغل اس قدر تیز اور شدت سے جاری رہتا ہے کہ کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی، سوشل ویلفیئر سوسائٹی غلام محمد (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

ڈاکٹر عبدالرؤف نے ضلع فیصل آباد کا اچانک دورہ کیا

پبلکسی نیشن اناگویشن ریکارڈ اور کولڈ چین کی فراہمی کو چیک اور موقع پر ہدایات جاری

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ضلع فیصل آباد اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ریسرچ انسٹیٹیوٹ چوکی ڈاکٹر عبدالرؤف نے ضلع فیصل آباد کا اچانک دورہ کیا، انہوں نے تحصیل فیصل آباد میں ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک آفس سول ویٹرنری ہسپتال لیاقت روڈ، ڈویژنل ڈیپوز ڈائیاگنسٹک لیبارٹری فیصل آباد اور ڈسٹرکٹ ویکسی نیشن اناگویشن ریکارڈ اور کولڈ چین کی فراہمی کو چیک (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

ضلع بھر میں انسداد ڈینگی اقدامات پر عملدرآمد جاری

سروبلنس کا عمل جاری رکھا جائے اور کوئی جگہ نظروں سے اوجھل نہیں ہونی چاہیے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ضلع بھر میں انسداد ڈینگی اقدامات پر بھرپور انداز میں عملدرآمد جاری اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف کی زیر نگرانی ٹیموں نے ان دور اور آؤٹ ڈور سروبلنس کے ذریعے ڈینگی لاروا کی پیدائش وافزائش کے مکمل مقامات کو تفصیلی چیک کیا اور لاروا کی تلفی کے لئے کیمیکل ٹریٹمنٹ کی گئی۔ ڈسٹرکٹ پروگرام کوآرڈینیٹر نے کہا کہ زہ مہ دارانہ انداز میں سروبلنس کا عمل جاری رکھا جائے اور کوئی جگہ نظروں (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

انسداد گداگری مہم پر روزانہ کی بنیاد پر عملدرآمد جاری

شہریوں کیلئے پریشانی واذیت کا باعث بننے والے مزید 13 بھکاری پکڑے گئے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام انسداد گداگری مہم پر روزانہ کی بنیاد پر عملدرآمد جاری ہے اس ضمن میں شہریوں کیلئے پریشانی واذیت کا باعث بننے والے مزید 13 بھکاریوں کو حوالے میں 9 مرد اور 4 خواتین بھکاران شامل ہیں۔ لے کر پناہ گاہ میں بھیج دیا گیا۔ ایشی نگری سکواڈ نے مختلف شاہراہوں ٹریفک سگنلز اور بعض عوامی مقامات پر آپریشن کیا اور پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

گرانفروشوں کیخلاف کارروائیوں کا سلسلہ بلاتعطل جاری

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے 59 گرانفروشوں کو موقع پر جرمانے کیے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ضلع کے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی طرف سے گرانفروشوں اور زخائے آمیزاں نہ کرنیوالے گرانفروشوں کیخلاف کارروائیوں کا سلسلہ بلاتعطل جاری ہے۔ اس ضمن میں گزشتہ روز اشیائے ضروریہ کی چیکنگ کرتے ہوئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے 59 گرانفروشوں کو موقع پر 2 لاکھ 7 ہزار روپے جرمانہ، پرائس کنٹرول ایکٹ کی سنگین خلاف ورزی پر 3 دکانداروں کو حوالہ پولیس کیا۔

ڈپٹی کمشنر علی عنان قمر کا فری آٹا کی تقسیم کے عمل کا جائزہ

رجسٹرڈ افراد کے بیٹھنے کے انتظامات چیک اور ڈیوٹی سٹاف کو ضروری ہدایات جاری

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر علی عنان قمر نے رمضان پیکج کے تحت فری آٹا کی تقسیم کے عمل کا جائزہ لینے کیلئے ایشی بیوشن سنٹرز کا دورہ کیا۔ وہ اقبال سٹیڈیم ، پاکی سٹیڈیم، ماڈل بازار جھنگ روڈ، کیلم شہید پارک سٹیڈیم، بشن سنگھ والا بیچ گئے۔ انہوں نے رجسٹرڈ افراد کے بیٹھنے کے انتظامات چیک اور ڈیوٹی سٹاف کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے سنٹرز پر رش کے پیش نظر اضافی اقدامات اور پولیس کو چوکس رکھا۔ انہوں نے پی ایم او علی عامر رضوی کے ہمراہ سنٹرز پر انتظامات بھی چیک کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کھر زیاوالہ میں فری ڈسٹری بیوشن سنٹر پر جا کر رجسٹرڈ افراد کو فری آٹا (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

کمشنر سلوت سعید کا قائم فری آٹا ڈسٹری بیوشن سنٹر کا دورہ

مستحقین کو آٹا کی فراہمی کے عمل کا جائزہ وانتظامات چیک کئے گئے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) کمشنر سلوت سعید نے ہاکی سٹیڈیم میں قائم فری آٹا ڈسٹری بیوشن سنٹر کا دورہ کیا اور مستحقین کو آٹا کی فراہمی کے عمل کا جائزہ وانتظامات چیک کئے۔ انہوں نے ڈپٹی اکمران کی موجودگی اور آٹا لینے آنے والے مرد وخواتین کے بیٹھنے کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ دوسرے مرحلہ کے تحت پہلا آٹا کا تھیلہ لینے والوں کو بکسٹ 10/10 کلو کے دو تھیلے دیئے جا رہے ہیں۔ علاوہ ازیں کمشنر نے 20 روپے رعایت کے ساتھ تھیلے بلاٹ کے گھی آٹا کل سال کا بھی وزٹ کیا۔ انہوں نے گھی آٹا کل دستیابی، معیار اور قیمتوں کو چیک کیا۔ ماہ صیام میں صارفین کو چینی بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

جیوش لابی اپنا سٹوج بچانے کیلئے سامنے آچکی ہے

فارن فنڈنگ کے مجرم کے پینڈلرز سامنے آتے جا رہے ہیں، محمد ریاض چودھری

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سابق مشیر وزیر اعظم آزاد کشمیر محمد ریاض چودھری نے کہا فارن ایجنٹ کون ہے، ثابت ہو گیا، آپ کی کچھ چلی نے چار سال انسانی حقوق کی ہترین پامالیاں کی، آپ کا سٹوج میڈیا پر بیٹھ کر رد دیا جا چکا ہے۔ انہوں نے عمران خان کو خاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا سٹوج پاکستان میں مالیانی، سیاسی اور سفارتی جتھا کا ذمہ دار ہے، بین الاقوامی لابسٹ پاکستان میں خانہ جنگی کرانے کے لئے متحرک ہو گئے ہیں، یہ لوٹ اسی منصوبے کی کڑی زلے قلیل زاد کے بیان کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے امریکی سازش اور اپوزیشن رخم کی اصلیت سامنے آ گئی ہے، جیوش لابی اپنا (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

شہباز شریف توہین عدالت کے شکنجے میں جلد آنیوالے ہیں

حکومتی اوجھے ہتھکنڈے اور کنٹینر بھی پی ٹی آئی کارکنوں کا راستہ نہ روک سکے، اختر علی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سابق ایم پی اے چودھری اختر علی خان، ضلعی جنرل سیکرٹری چودھری تیمور علی خان نے کہا ہے کہ شہباز شریف توہین عدالت کے شکنجے میں جلد آنے والے ہیں، پی ٹی آئی کا پارٹی شرائل شریف پر چکلی بن کر گرا، تجنیں لاہور اب آ